# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ معاشیات)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاشیات (315) — سمسٹر: خزاں، 2012

سطح: انٹرمیڈیٹ — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

**(یونٹ: 1تا5)**

سوال نمبر 1 علم معاشیات سے متعلق آدم سمتھ، الفرڈ مارشل اور رابنز کی تعریفیں بیان کیجیے۔ نیز یہ بتایئے کہ ان میں سے کون سی تعریف زیادہ مناسب ہے؟ (20)

سوال نمبر 2 نظام سرمایہ داری کیا ہے؟ اس نظام کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔ نیز نظام سرمایہ داری پر تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3 مندرجہ ذیل گوشوارہ مکمل کیجیے اور ڈائیگرام میں تبدیل کر کے وضاحت کیجیے۔ (20)

| سیب | سیب کا کل افادہ | سیب کا اوسط افادہ | سیب کا مختتم افادہ |
|---|---|---|---|
| 1 | | 16 | |
| 2 | | 14 | |
| 3 | | 12 | |
| 4 | | 10 | |
| 5 | | 8 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | | 6 | |

سوال نمبر 4 (الف) فرض کریں منڈی میں پیاز کا بھاؤ 50 روپے فی کلوگرام ہے اور طلب 100 کلوگرام ہے اگر پیاز کی قیمت بڑھ کر 80 روپے فی کلوگرام ہو جاتی ہے تو طلب گر کر 40 کلوگرام ہو جاتی ہے۔ طلب کی نقطی لچک معلوم کیجئے۔

(ب) کیا قیمت میں تبدیلی کے بغیر طلب میں تبدیلی ہو جاتی ہے؟ بحث کیجئے (10+10)

سوال نمبر 5 (الف) رسد کی تعریف کیجیے۔ قانون رسد کیا ہے؟ نیز واضح کیجیے کہ رسد کے پھیلنے اور سکڑنے سے کیا مراد ہے؟

(ب) گوشوارے کی مدد سے خط رسد کے درج ذیل نقاط پر نقطی لچک معلوم کریں۔ (10+10)

| اکائیاں | کپڑے کی قیمت روپے فی میٹر | کپڑے کی رسد میٹر | رسد کی نقطی لچک |
|---|---|---|---|
| 1 | 40 | 20 | |
| 2 | 60 | 40 | |
| 3 | 90 | 60 | |

## امتحانی مشق نمبر:2

**(یونٹ 6تا9)**

کل نمبر 100

کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1 زمین کی تعریف کیجیے۔ نیز زمین کے معاشی و وسیع و عمیق استعمال پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2 محنت کی استعداد کار سے کیا مراد ہے؟ محنت کی پیمائش کا پیمانہ کیا ہے؟ نیز محنت کی استعداد کار کے عوامل اور اس کا معاشی ترقی میں جو کردار ہے اس پر بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3 آبادی کی اہمیت بیان کیجیے۔ یہ بتایئے مالتھس کا نظریہ آبادی کیا ہے؟ نیز اس نظریہ پر تنقیدی انداز میں بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4 منڈی کی وسعت سے کیا مراد ہے؟ وہ کون سے عوامل ہیں جس پر منڈی کی وسعت کا دارومدار ہے؟ (20)

سوال نمبر 5 اجارہ داری سے کیا مراد ہے؟ اجارہ داری کی قسمیں بیان کیجیے۔ نیز اجارہ داری کی خوبیوں اور خامیوں پر روشنی ڈالیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر:3

**(یونٹ 10 تا 14)**

کل نمبر100

کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1 پیمانہ پیداوار کے مفہوم کی وضاحت کیجئے۔ نیز پیمانہ صغیر وکبیر کے فوائد اور نقصانات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2 قوانین حاصل سے کیا مراد ہے؟ قانون تقلیل حاصل کی وضاحت جدول اور ڈایاگرام کے مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3 مصارف پیداوار کا مفہوم بیان کریں نیز معین اور متغیر مصارف کی وضاحت جدول اور ڈایاگرام کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل گوشوارہ مکمل کیجیے نیز ڈایاگرام کی مدد سے اوسط اور مختتم مصارف کے خطوط بنایئے۔ (20)

| پیداوار کی اکائیاں | کل معین مصارف | کل متغیر مصارف | مجموعی مصارف | اوسط مجموعی مصارف | مختتم مصارف |
|---|---|---|---|---|---|
| 0 | 500 | | 500 | | |
| 1 | 500 | | 800 | | |
| 2 | 500 | | 1050 | | |
| 3 | 500 | | 1250 | | |
| 4 | 500 | | 1350 | | |
| 5 | 500 | | 1450 | | |
| 6 | 500 | | 1600 | | |
| 7 | 500 | | 1850 | | |
| 8 | 500 | | 2150 | | |
| 9 | 500 | | 2500 | | |

سوال نمبر 5 اجارہ داری کے تحت فرم کے توازن کی وضاحت کیجئے نیز اجارہ داری اور مکمل مقابلہ کا تقابلی جائزہ لیجئے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر:4

**(یونٹ 15تا18)**

کل نمبر100

کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1 عاملین کے معاوضوں کے تعین کا جدید نظریہ کیا ہے؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2 خالص لگان اور مرکب لگان کا فرق بیان کریں۔ نیز ریکارڈو(Ricardo) کے نظریہ لگان کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3 اجرت کے اقسام بیان کریں نیز اجرت حقیقی کا تعین کرنے والے عوامل پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 4 منافع سے کیا مراد ہے؟ منافع کے ضروری تصورات کی وضاحت کریں نیز منافع کے مختم پیداواری نظریہ کی وضاحت کریں۔

(20)

سوال نمبر5 زکوۃ وعشر کے مفہوم کی وضاحت کریں نیز یہ بتائیں کہ زکوۃ کن اموال سے وصول کی جاتی ہے؟ (20)